**Please print the letter below and photocopy onto school letterhead before distribution**

مقامی علاقے میں ہونے والے حالیہ واقعات کے سلسلے میں والدین کے نام خط
Letter to parents regarding recent community events

محترم والدین/سرپرست خواتین و حضرات

مقامی علاقے میں حال ہی میں ہونے والے واقعات کے ردعمل میں آپ کے سکول نے آج مندرجہ ذیل اقدامات کیے ہیں۔

طالبعلموں کو تسلی دی گئی کہ سکول سب کیلئے ایک محفوظ مقام رہے گا۔ طالبعلموں کو ان کی فلاح کے انتظامات اور نسل پرستی کے خلاف پالیسیوں کی یاددہانی کرائی گئی جو یہ یقینی بناتی ہیں کہ اگر انہیں ذاتی طور پر ستایا گیا تو انہیں مدد ملے گی۔

طالبعلموں کو اپنے جذبات کے بارے میں بات کرنے کا موقع دیا گیا اور یاد دہانی کرائی گئی کہ اگر وہ پریشان یا مضطرب ہوں تو وہ سکول کاؤنسلر یا سکول کے دوسرے عملے سے بات کر سکتے ہیں۔ ہر اس طالبعلم کو متواتر مدد کی پیشکش دی جائے گی جسے اس کی ضرورت ہو۔

یہ فائدہ مند ہو گا کہ آپ اپنے بچوں کے ساتھ ان واقعات کے بارے میں بات کریں اور سکول اور باقی معاشرے کی سطح پر بھی سب لوگوں کے ساتھ برداشت اور لحاظ کا سلوک کرتے رہنے کیلئے ان کی حوصلہ افزائی کریں ۔

گھر میں نارمل معمولات اور دلچسپیاں جاری رکھنے سے ان بچوں کو فائدہ ہوتا ہے جو کسی مشکل صورتحال سے گزر رہے ہوں۔

اگر آپ کو اپنے بچے کیلئے کوئی خاص فکر ہے تو براہ مہربانی سکول سے رابطہ کریں اور آپ کیلئے جلد از جلد مدد مہیا کی جائے گی۔

اگر آپ کو سکول سے بات کرنے کیلئے انٹرپریٹر (مترجم) کی مدد درکار ہے تو 131 450 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو فون کریں اور اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔ آپریٹر فون پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا جو بات کرنے میں آپ کی مدد کرے گا۔ آپ سے اس خدمت کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔

مخلص

پرنسپل (Principal)